یہ کتاب یوں تو اسلامی تعلیمات سے شغف رکھنے والے فرد کے لیے مفید ہے لیکن خاص طور پر اسلامی تاریخ اور اسلامی علم سیاسیات کے طالب علموں کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ معیارِ کتابت و طباعت عمدہ ہے۔

تعلیم کی تشکیلِ نو | شائع کردہ: ادارہ مطبوعات طلبہ ۲/ ۴۰۶ نزد لسبیلہ مارکیٹ، کراچی۔ قیمت ایک روپیہ۔

اسلامی نظامِ تعلیم پر یہ چند نہایت قابلِ قدر مضامین کا مجموعہ جسے اسلامی جمعیّت طلبہ پاکستان کے بعض ذہین اور ہونہار ارکان نے مرتب کیا ہے۔ اس مجموعے میں جن حضرات کے مقالات شامل ہیں وہ سب دنیائے اسلام کی جانی پہچانی اور معروف شخصیتیں ہیں۔ مثلاً مولانا محمد علی جوہر، مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی، جناب نعیم صدیقی صاحب۔ جناب پروفیسر خورشید احمد صاحب اور سید معروف شاہ شیرازی۔ کتابت اور طباعت دیدہ زیب ہے۔

مجلہ اسوۂ حسنہ | مدیر: جناب عتیق احمد صاحب۔ شائع کردہ: انجمن اتحاد طلبہ، این۔ای۔ڈی گورنمنٹ انجینئرنگ کالج، کراچی۔

زیرِ تبصرہ مجلہ گورنمنٹ انجینئرنگ کالج کی آرٹس سوسائٹی کی ایک خاص علمی پیش کش ہے۔ یہ پیش کش اس اعتبار سے وقیع اور لائقِ ستائش ہے کہ اس میں نوجوان طلبہ نے انسانیت کے محسنِ اعظم صلی اللہ علیہ وسلم کو نذرانۂ عقیدت پیش کیا ہے۔ مضامین کا انتخاب بڑی دیدہ وری سے کیا گیا ہے اور اشاعت میں عمدہ ذوق کا ثبوت دیا گیا ہے۔

مولانا محمد احسن نانوتوی | مرتبہ جناب محمد ایوب قادری صاحب ایم۔ اے۔ شائع کردہ: روہیل کھنڈ لٹریری سوسائٹی بی، ون ایریا ۱/۲ لیاقت آباد کراچی قیمت چار روپے